غسل کے بعد منی نکلے تو کیا دوبارہ غسل کریں ؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بیوی سے جماع کے بعد ایک عورت یا مرد کو غسل کرنے کے لیے کتنی دیر انتظار کرنا چاہیے ۔اگر وہ غسل کرلیں اور کچھ منی غسل کے بعد نکلے تو کیا انہیں دوبارہ غسل کرنا ہوگا؟

سائلہ: ایک بہن (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

جماع کے بعد غسل کرنے میں تو جلدی ہی کرنی چاہیے مگر غسل سے پہلے پیشاب کرلینا چاہیے یاکچھ قدم چلنا چاہیے تاکہ آلہ تناسل میں رکی ہوئی منی بھی نکل آئے ۔پیشاب کرنے یا چالیس قدم چلنے کے بعد غسل کیا اور پھر غسل کے بعد بلاشہوت منی نکل آئی تو دوبارہ غسل ضروری نہیں ۔لیکن اگر پیشاب کرنے یا چالیس قدم چلنے یا سونے سے پہلے غسل کیا اور اب کچھ منی نکل آئی تو دوبارہ غسل کرے کیونکہ یہ اسی منی کا حصہ جو اپنی جگہ سے شہوت کے ساتھ جدا ہوئی تھی۔

جیساکہ فتاوی ہندیہ میں ہے :**"لَوْ اغْتَسَلَ مِنْ الْجَنَابَةِ قَبْلَ أَنْ يَبُولَ أَوْ يَنَامَ وَصَلَّى ثُمَّ خَرَجَ بَقِيَّةُ الْمَنِيِّ فَعَلَيْهِ أَنْ يَغْتَسِلَ عِنْدَهُمَا خِلَافًا لِأَبِي يُوسُفَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى وَلَكِنْ لَا يُعِيدُ تِلْكَ الصَّلَاةَ فِي قَوْلِهِمْ جَمِيعًا. كَذَا فِي الذَّخِيرَةِ وَلَوْ خَرَجَ بَعْدَ مَا بَالَ أَوْ نَامَ أَوْ مَشَى لَا يَجِبُ عَلَيْهِ الْغُسْلُ اتِّفَاقًا"**

اگر پیشاب کرنے یا سونے یا چلنے سے پہلے غسل کرلیاکے نہا لیا اور نماز پڑھ لی اوراب بقیہ مَنی خارِج ہوئی تو اس پر طرفین کے نزدیک غُسل کرنا واجب ہے برخلاف امام ابویوسف کے لیکن تمام کے قول کے مطابق پہلے جو نماز پڑھی تھی ہو گئی اس کے اعادہ کی حاجت نہیں ۔ اور اگر چلنے یا پیشاب کرنے یا سونے کے بعد غُسل کیا پھر مَنی نکلی تو اس پر غُسل ضروری نہیں اس پر اتفاق ہے ۔

(الفتاوی الهندیۃ''، کتاب الطہارۃ، الباب الثاني في الغسل، الفصل الثالث، ج1، ص14 )

اور بہار شریعت میں ہے : اگر مَنی کچھ نکلی اور قبل پیشاب کرنے یا سونے یا چالیس قدم چلنے کے نہا لیا اور نماز پڑھ لی اب بقیہ مَنی خارِج ہوئی تو غُسل کرے کہ یہ اسی مَنی کا حصہ ہے جو اپنے مَحل سے شَہوت کے ساتھ جدا ہوئی تھی اور پہلے جو نماز پڑھی تھی ہو گئی اس کے اعادہ کی حاجت نہیں اور اگر چالیس قدم چلنے یا پیشاب کرنے یا سونے کے بعد غُسل کیا پھر مَنی بلا شَہوت نکلی تو غُسل ضروری نہیں اور یہ پہلی کابقیّہ نہیں کہی جائے گی۔

(بہارشریعت ج1 حصہ 2 ص321مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

Date:9 -9-2018

**If there is a discharge of semen after ghusl, does one have to redo ghusl?**

الحمد لله والصلوة والسلام علی رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: After having intercourse with one's spouse, how long should a husband or wife wait in order to perform ghusl. If they perform ghusl and some semen is discharged after, so would they have to do ghusl again?**

Questioner: A sister from U.K.

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايۃَ الحَق والصواب

One should not hasten to perform ghusl after intercourse, however before ghusl, one should allow some urine to pass through the front private part or walk a few steps, so that any withheld semen in the reproductive organs also comes out. If one did ghusl after urinating or walking forty steps, and then some semen is discharged after ghusl but it is not due to lust, then redoing ghusl is not necessary. However, if one did ghusl before urinating or walking forty steps, and then some semen is discharged, then one must redo ghusl, because this is part of that semen which was discharged from its place of origin due to lust.

Just as it is stated in Fatāwā Hindiyyah,

"لَوْ اغْتَسَلَ مِنْ الْجَنَابَةِ قَبْلَ أَنْ يَبُولَ أَوْ يَنَامَ وَصَلَّى ثُمَّ خَرَجَ بَقِيَّةُ الْمَنِيِّ فَعَلَيْهِ أَنْ يَغْتَسِلَ عِنْدَهُمَا خِلَافًا لِأَبِي يُوسُفَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى وَلَكِنْ لَا يُعِيدُ تِلْكَ الصَّلَاةَ فِي قَوْلِهِمْ جَمِيعًا. كَذَا فِي الذَّخِيرَةِ وَلَوْ خَرَجَ بَعْدَ مَا بَالَ أَوْ نَامَ أَوْ مَشَى لَا يَجِبُ عَلَيْهِ الْغُسْلُ اتِّفَاقًا"

"If one bathed i.e. performed ghusl before urinating, sleeping or walking, and prayed salāh, then the remaining semen was discharged, then according to Imām Abū Hanīfah and Imām Muhammad, ghusl is wājib, which is contrary to Imām Abū Yūsuf, upon whom be mercy. However, the salāh which was prayed has been fulfilled, according to them all; there is no need to repeat it. If one did ghusl after urinating or walking, and then semen was discharged, then ghusl is not a must; this is agreed upon."

[al-Fatāwā al-Hindiyyah, vol 1, part 3, ch 2, pg 14]

Furthermore, it is stated in Bahār-e-Sharī'at that if some semen was emitted and one makes ghusl before passing urine, sleeping or walking forty paces and then one reads salāh, but later finds that the remainder of the semen has been emitted, then one must make ghusl as this is regarded as part of the same semen which was initially emitted from its origin due to arousal; there is no need to repeat the salāh which has already

been performed, as it is regarded as valid. However if someone makes ghusl after passing urine, sleeping or walking forty paces and the semen was then emitted without any feeling of arousal, it will not necessitate ghusl, and this semen will not be regarded as being part of the actual semen which was initially emitted.

[Bahār-e-Sharī'at, vol 1, part 2, pg 321]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali